PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کے محدود ٹکٹ باقی رہ گئے

لاہور، 2 اکتوبر 2019ء :

آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی رینکنگ میں پہلی پوزیشن پر براجمان پاکستان کرکٹ ٹیم اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کے 3 میچز 5،7 اور 9 اکتوبر کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جائیں گے۔

سیریز کے آغاز سے 3 روز قبل ہی تمام میچوں کے لیے انضمام الحق، نذرز،قائد، امتیاز احمد، ظہیر عباس، حنیف محمد، ماجد خان، عبدالقادر، سعید احمد اور سرفراز نواز انکلوژرز کی ٹکٹیں فروخت ہوچکی ہیں۔

پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ کے لیے وسیم اکرم اور وقار یونس انکلوژرز کی ٹکٹیں فروخت ہوچکی ہیں تاہم آئندہ 2 میچوں کے لیے ان انکلوژرز کی ٹکٹیں محدود تعداد میں دستیاب ہیں۔ تینوں ٹی ٹوئنٹی میچز کے لیے جاوید میانداد، عبدالحفیظ کاردار، راجاز، سعید انور، عمران خان اور فضل محمودانکلوژرز کی ٹکٹیں بھی دستیاب ہیں۔

بابر حامد، ڈائریکٹر کمرشلز پی سی بی:

ڈائریکٹر کمرشلز پی سی بی بابر حامد کا کہنا ہےکہ لاہور میں شیڈول 3 ٹی ٹوئنٹی میچوں کے لیے شائقین کرکٹ کا جوش وخروش دیدنی ہے۔ 2 سال قبل آئی سی سی ورلڈ الیون کے بعد قذافی اسٹیڈیم لاہور میں یہ پہلی بین الاقوامی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سیریز ہوگی جہاں کرکٹ کے مداح اپنے پسندیدہ کرکٹرز کو ایکشن میں دیکھ سکیں گے۔

ڈائریکٹر کمرشلز پی سی بی کا کہنا ہے کہ ٹکٹیں خریدنے کے خواہشمند مداح ٹی سی ایس کے مخصوص مراکز یا آفیشل ویب سائٹ پر موجود دستیاب ٹکٹیں خرید سکتے ہیں۔

سرفراز احمد، کپتان قومی کرکٹ ٹیم:

قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد کا کہنا ہے کہ لاہور میں موجود شائقین کرکٹ کے جوش و خروش کے باعث قذافی اسٹیڈیم کا شمار ہمیشہ سے میرے پسندیدہ گراؤنڈز میں رہا ہے۔

سرفراز احمد نے کہاکہ ٹی ٹونٹی کی عالمی رینکنگ میں پہلے بہترین بیٹسمین بابر اعظم سمیت دونوں ٹیموں میں شامل بہترین کھلاڑیوں کی موجودگی سےشائقین کرکٹ کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.